کیلگری کے میئر کی حضور انور سے ملاقات

اس کے بعد کیلگری (Calgary) کے میئر Naheed Nenshi صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ موصوف کے ساتھ ان کی ہمشیرہ بھی آئی تھیں۔

میئر نے حضور انور کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ کیلگری آنے پر میں حضور انور کو خوش آمدید کہتا ہوں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے میئر سے مختلف امور پر گفتگو فرمائی۔ میئر کے انتخاب کے بارہ میں حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کیا عام پبلک ووٹ دیتی ہے یا کوئی الیکٹورل کالج ہے۔ اس پر میئر نے بتایا کہ 18 سال سے زائد عمر کا ہر فرد ووٹ دے سکتا ہے۔ 1.2 ملین آبادی میں سے چھ لاکھ پچاس ہزار ووٹر ہیں۔

حضور انور نے فرمایا اگر آپ یوکے میں ہوں تو صرف Residence Permit رکھنے والے یا Indefinite Stay والا ہی ووٹ دے سکتا ہے۔

میئر نے بتایا کہ سیاسی اعتبار سے میئر کیلگری کی ایک اہم پوسٹ ہے۔ یہاں کے لوگ بہت خوش ہیں کہ اچھا کام ہو رہا ہے اور ہمیں یہاں کوئی پرابلم نہیں ہے۔ تین بلین ڈالرز ہمارا بجٹ ہے۔ 1.6 بلین ڈالرز ہمیں پراپرٹی ٹیکس سے آتا ہے اور اسی طرح انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس سے بھی بڑی رقوم آتی ہیں۔

۞...... میئر نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں عرض کیا کہ ہم کس طرح دہشت گردی کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم اسلام کی سچائی کی تعلیم پھیلائیں۔ اسلام کا سچا پیغام پھیلائیں۔ اسلام کے امن و آشتی کے حقیقی پیغام کے ذریعہ شدت پسندی اور انتہاء پسندی کا مؤثر جواب دینا آج کے حالات کی اشد ضرورت ہے۔ آجکل انتہاء پسند دہشتگردی کر رہے ہیں۔ ہم سب لوگوں کا فرض ہے کہ تمام فریقوں کو قرآن کریم کی حقیقی تعلیمات اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ کے بارہ میں بتائیں۔ آپؐ مدینہ میں مختلف قبائل اور مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے ساتھ رہے۔ ان سے پُرامن معاہدات کئے اور امن پسند معاشرہ قائم کیا۔ ہر ایک کو مذہبی آزادی تھی اور ہر ایک کے حقوق دیئے اور عدل و انصاف کے ساتھ معاشرہ میں امن کا قیام کیا۔

حضور انور نے فرمایا امن کے قیام کے لئے اور دہشتگردی کا مقابلہ کرنے کے لئے ہمیں اپنے رویّوں میں تبدیلی پیدا کر کے ہر ایک کے ساتھ انصاف کا سلوک کرنا ہوگا۔ حضور انور نے فرمایا انتہاء پسندی کا مقابلہ کرنا ایک لمبا

حضور انور نے فرمایا میں نے یہاں کیلگری میں ایک میڈیا انٹرویو میں کہا تھا کہ احمدیہ جماعت دنیا کے سامنے اسلام کے حقیقی پیغام کو پیش کرنے سے ہرگز نہیں رکے گی۔ میں نے کہا تھا کہ اگر یہ نسل نہیں تو یقیناً آئندہ آنے والی نسلیں دیکھیں گی اور اس بات کو قبول کریں گی کہ اسلام امن کا مذہب اور ہر قسم کے ظلم کے خلاف ہے۔

حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے فضل سے لاکھوں لوگ ہر سال ہم کو Join کر رہے ہیں۔ اس لئے ہمیں یقین ہے کہ ہم کامیاب ہوں گے۔ نصف ملین سالانہ احمدی ہو رہے ہیں۔ اگر آپ ان کو ملٹی پلائی کریں تو آئندہ چند سالوں میں آپ دیکھیں گے کہ ایک بڑی تعداد اسلام کی سچی تعلیم کو سمجھنے والی اور اس پر عمل کرنے والی ہوگی۔

حضور انور نے **فرمایا** CBC ٹی وی نے میرے انٹرویو کو کوریج دی ہے جس کے ذریعہ کینیڈا کے لوگوں کو اسلام کی سچی اور حقیقی تعلیم کا پیغام ملا ہے۔

میٹنگ کے آخر پر کیلگری کے میئر Nenshi نے احمدیہ جماعت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ وہ جماعت ہے جو ہر روز ہمارے شہر کی خدمت کرتی ہے۔

حضور انور نے میئر کے ان جذبات پر اس کا شکریہ ادا کیا اور فرمایا۔ تمام امن پسند مسلمانوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ انتہاء پسندی کے خلاف باہم متحد ہو جائیں۔

میئر کیلگری کی حضور انور کے ساتھ یہ ملاقات چھ بجے تک جاری رہی۔ ملاقات کے آخر پر میئر نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف پایا۔